# جوہرآباد شوگر ملز لمیٹڈ

# اطلاع سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ جوہرآباد شوگر ملز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے ممبران کا 54 واں سالانہ اجلاسِ عام بروز ہفتہ 28 جنوری 2023ء کو صبح 11:00 بجے، رجسٹرڈ دفتر 125-B، قائدِ اعظم انڈسٹریل اسٹیٹ، کوٹ لکھپت، لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

## عام امور:

1۔ 30 ستمبر 2022ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے نظرثانی شدہ سالانہ مالی حسابات معہ ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ کی وصولی، غور وخوض اور منظوری دینا۔

2۔ 30 ستمبر 2022ء کو ختم ہونیوالے سال کیلئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق حتمی نقد ڈیویڈینڈ بشرح 10% یعنی -/1 روپے فی عام شیئر کی ادائیگی کیلئے غور وخوض اور منظوری دینا۔

3۔ 30 ستمبر 2023ء کو ختم ہونے والے اگلے مالی سال کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور اُن کے صلہ خدمت کا تعین کرنا۔ میسرز یو ایچ وائی حسن نعیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، نے اہل ہونے کی بناء پر دوبارہ تقرری کے لئے اپنے آپ کو پیش کیا ہے۔

4۔ صاحب صدر کی اجازت سے کسی دیگر امر پر کارروائی کرنا۔

بحکم بورڈ

الیوسف

**کمپنی سیکرٹری**

لاہور

مورخہ: 05 جنوری 2023ء

## نوٹ:۔

1۔ کمپنی کی حصص منتقلی کتابیں 21 جنوری 2023ء تا 28 جنوری 2023ء (بشمول ہردوایام) بند رہیں گی۔ منتقلیاں کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، 1-K، کمرشل، ماڈل ٹاؤن لاہور کو 20 جنوری 2023ء کو کاروبار کے اختتام تک وصول ہونے والی اجلاس میں شرکت کے استحقاق کیلئے بروقت تصور ہونگی۔

2۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا مستحق ممبر اپنی جانب سے شرکت اور ووٹ دینے کیلئے کسی دیگر ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ معہ نمائندہ کے نمونہ دستخط کمپنی کے پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرانا ہوگا۔ پراکسیز تا آنکہ مؤثر ہوسکیں، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم ازکم 48 گھنٹے قبل لازماً وصول ہو جانی چاہئیں۔

3۔ وہ ممبران جو اپنے حصص سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) کے ہاں جمع کراچکے ہوں، سے درخواست ہے کہ اپنے اصل CNIC، اکاؤنٹ اور پارٹیسپیشن کے نمبرز ہمراہ لائیں۔ ایسے ممبران کو مزید برآں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمشن پاکستان کے سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں دی گئی درج ذیل گائیڈ لائنز کی پیروی کرنا ہوگی۔

4۔ ممبران کو کمپنی کے ساتھ تمام کارسپانڈنس میں اور سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنے فولیو نمبر درج کرنے چاہئیں۔

5۔ ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتوں میں تبدیلی، زکوٰۃ ڈیکلریشن اور ٹیکس ایگزیمپشن سٹیٹس، اگر کوئی ہو، باقاعدہ اپنے کارآمد سرٹیفکیٹس کے ہمراہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فی الفور مطلع فرمائیں۔

6۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 242 کی پرویژنز کے مطابق کوئی منافع منقسمہ قابل ادا نقد صورت میں فقط الیکٹرونک طریقہ کے ذریعے براہِ راست مستحق ممبران کے منسوب کردہ بینک اکاؤنٹ میں ادا کیا جائے گا۔ اس کے مطابق تمام ممبران سے درخواست ہے کہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، ممبر بروکر، پارٹیسپنٹ / سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو ڈیویڈنڈ مینڈیٹ معلومات مہیا کریں۔ سی ڈی سی میں حصص رکھنے کی صورت میں یہ معلومات سی ڈی ایس کو براہِ راست مہیا کی جانی چاہئیں۔ ممبران سے معلومات حاصل کرنے کا نوٹس انہیں الگ الگ ارسال کیا جارہا ہے۔ معیاری درخواست فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.jsml.com.pk پر بھی رکھا جا چکا ہے۔ معلومات مہیا کرنے میں ناکامی کی صورت میں، کمپنی ڈیویڈنڈ ادا کرنے کے قابل نہیں ہوگی۔

7۔ انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 (آرڈیننس) کی طرف سے مروجہ کے مطابق ڈیویڈینڈ ادائیگیوں پر موجودہ ودہولڈنگ ٹیکس ریٹس افراد جن کے نام ایکٹو ٹیکس پیئرز فہرست (ATL) میں درج ہیں کے لئے 15% اور افراد جن کے نام ATL میں درج نہیں ہیں کے لئے 30% ہیں۔ کمپنی کو نقد ڈیویڈینڈ کی رقم پر ٹیکس ڈیڈکشن 30% کی بجائے 15% شرح سے منہا کرنے کے قابل بنانے کے لئے، تمام حصص داران جن کے نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی ویب سائٹ پر دستیاب ATL میں درج نہیں ہیں کو ہدایت ہے کہ ڈیویڈینڈ ادائیگی کی تاریخ سے قبل ATL میں اپنے ناموں کا اندراج یقینی بنائیں، بصورت دیگر ان سے بطور ٹیکس پیئرز سلوک نہیں کیا جائے گا (باوجودیکہ وہ انکم ٹیکس ریٹرن کے فائلرز ہیں) اور ان کے نقد ڈیویڈینڈ پر ٹیکس 30% کی شرح سے منہا کیا جائے گا۔

8۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ کے حامل کارپوریٹ ممبران کو اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹس کے ہاں اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) اپ ڈیٹ رکھنے چاہئیں جبکہ کارپوریٹ مادی ممبران کو اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹس کی کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کرنی چاہئیں۔

9۔ ایف بی آر کی وضاحت کے مطابق آرڈیننس کی دفعہ 159 کے تحت کارآمد ایگزیمپشن سرٹیفکیٹ آرڈیننس کے دوسرے شیڈول کے پارٹ-IV کی کلاز 47B کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس کی ایگزیمپشن کے دعویٰ کیلئے لازمی ہے۔ وہ جو مذکورہ بالا کلاز کی کیٹگری میں آتے ہیں کو لازماً کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو کارآمد ٹیکس ایگزیمپشن سرٹیفکیٹس مہیا کریں بصورت دیگر مجوزہ شرحوں کے مطابق ڈیونڈ رقم پر ٹیکس منہا کیا جائے گا۔

10۔ ایف بی آر نے واضح کیا ہے کہ فائلرز اور نان فائلرز کے ملکیتی مشترکہ حصص داران کے اکاؤنٹس سے الگ الگ سلوک کیا جائے گا اور ایسی خاص صورتِ حال میں ہر ایک اکاؤنٹ ہولڈر سے یا تو فائلر یا نان فائلر سلوک کیا جائے گا اور ٹیکس ان کے شیئر ہولڈنگ کے مطابق منہا کیا جائے گا۔ اگر شیئر قابل تحقیق نہیں ہوا تو ہر اکاؤنٹ ہولڈر شیئرز کے مساوی تناسب کا مالک تصور ہوگا اور اس کے مطابق ڈیڈکشن ہوگی اس لئے زیادہ شرح پر ٹیکس کی ڈیڈکشن سے بچنے کیلئے مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے شیئر ہولڈنگ کی حسب ذیل تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو کم ازکم AGM کی تاریخ تک مہیا کریں۔

| فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | نام شیئر ہولڈر | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ | شیئر ہولڈنگ | کل حصص | پرنسپل/ جوائنٹ شیئر ہولڈر |
|---|---|---|---|---|---|

11۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 244 کے تحت ضروری ہے کہ کوئی شیئرز جو تین سالوں (یا زیادہ) کی مدت کیلئے غیر دعویٰ شدہ رہے ہوں وفاقی حکومت کو پہنچائے جائیں۔ قانون کے مطابق کمپنی کیلئے ضروری ہے کہ اگر حصص داران کو نوٹسز دینے کے بعد کمپنی کے ہاں کوئی دعویٰ نہ کیا جائے تو غیر دعویٰ شدہ یا غیر اداشدہ رقم فیڈرل حکومت کے ہاں جمع کرائی جائے۔ لہٰذا تمام حصص داران جو کسی وجہ سے اپنے ڈیویڈینڈ یا حصص دعویٰ نہیں کر سکتے تھے کو نوٹس ہذا کے ذریعے نصیحت کی جاتی ہے کہ اپنے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ یا پینڈنگ حصص اگر کوئی ہوں فی الفور حاصل کرنے کے بارے تفتیش کیلئے کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں۔

12۔ بمطابق نوٹیفکیشن PSX/N-92 مورخہ 28 جنوری 2019 پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی طرف سے ضروری جوہرآباد شوگر ملز لمیٹڈ کا کارپوریٹ اینالسٹ بریفنگ سیشن بھی بروز ہفتہ 28 جنوری 2023 کو AGM کی تکمیل کے فوراً بعد رجسٹرڈ دفتر 125-B، قائد اعظم انڈسٹریل اسٹیٹ، کوٹ لکھپت، لاہور میں منعقد ہوگا جس میں 30 ستمبر 2022 کو ختم ہونے والے سال کی کارکردگی اور نتائج کی وضاحت کی جائے گی۔ حصص داران/انویسٹرز اور اینالسٹ، جو وڈیو لنک کے ذریعے سیشن میں شرکت کرنے کے خواہشمند ہیں سے درخواست ہے کہ حسبِ ذیل کے مطابق کوائف فراہم کرکے مورخہ 26 جنوری 2023 شام 5:00 بجے تک secretary@jsml.com.pk اپنی رجسٹریشن ارسال کریں:

| نام | CNIC | فولیو نمبر (اگر کوئی ہو) | رابطہ نمبر | ای میل |
|---|---|---|---|---|

13۔ سالانہ مالی حسابات کی بذریعہ ای میل ترسیل

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے بروئے SRO 787(1)/2014 مورخہ 8 ستمبر 2014 کمپنیوں کو سالانہ بیلنس شیٹ، نفع ونقصان اکاؤنٹ، آڈیٹرز، ڈائریکٹرز رپورٹ اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ معہ اطلاع سالانہ اجلاس عام اپنے ممبران کو بذریعہ ای میل جاری کرنے کی اجازت دی ہے۔ ارکان جنہوں نے اپنے ای میل ایڈریسز فراہم کردیئے ہیں کو بذریعہ ای میل ارسال کئے جارہے ہیں۔ ارکان جنہوں نے اپنے ای میل ایڈریسز فراہم نہیں کئے اور اس سہولت سے مستفید ہونا چاہتے ہیں، کمپنی کو اپنی رضامندی بمعہ ای میل ایڈریسز ارسال کریں۔ سالانہ نظرثانہ شدہ حسابات کی ہارڈ کاپیاں مطالبہ پر فراہم کی جائیں گی۔

14۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 132(2) کے مطابق، اگر کمپنی کو جغرافیائی محل وقوع پر سکونتی مجموعی 10% یا زیادہ شیئر ہولڈنگ کے مالک ممبران سے اجلاس میں بذریعہ وڈیو کانفرنس شرکت کیلئے رضامندی AGM کی تاریخ سے کم ازکم 7 یوم قبل وصول ہوئی تو، کمپنی اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی کے حوالہ سے شہر میں وڈیو کانفرنس سہولت کا انتظام کرے گی۔ کمپنی ایسے حصص داران کو ایسی سہولت تک رسائی کے قابل بنانے کے لئے وڈیو کانفرنس سہولت کے مقام کی بابت معلومات سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے کم ازکم 5 یوم قبل مطلع کرے گی۔

15۔ ارکان کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 143 تا دفعہ 145 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کی قابل اطلاق کلازکی ضروریات کے حوالہ سے انتخاب کے مطالبہ کا اپنا حق استعمال کرسکتے ہیں۔

16۔ مادی حصص کا سی ڈی سی اکاؤنٹ میں ڈیپازٹ

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72 کے مطابق، کمپنی کو اپنے مادی حصص بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا ضروری ہے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72 کی پرویژن کی تعمیل یقینی بنانے اور بک انٹری فارم میں حصص رکھنے کی سہولت کا فائدہ اُٹھانے کے لئے، ایسے تمام ارکان/ حصص داران جو ابھی بھی مادی شکل میں حصص رکھتے ہیں کو اپنے حصص بک انٹری شکل میں تبدیل کرنا ضروری ہیں۔

17۔ 30 ستمبر 2022ء مختتمہ سال کیلئے سالانہ نظرثانی شدہ مالی حسابات معہ ان پر آڈیٹران اور ڈائریکٹران کی رپورٹس اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ www.jsml.com.pk پر رکھے جاچکے ہیں۔

18۔ کمپنی نے AGM کا نوٹس انگریزی اور اردو زبانوں میں پراکسی فارم کے ساتھ اپنی ویب سائٹ www.jsml.com.pk پر رکھ دیا ہے۔